3 جنوری 2016ء

گورنر اسٹیٹ بینک نے ایس بی پی بی ایس سی ناظم آباد میں نئے اسپورٹس کمپلکس کا افتتاح کیا

بینک دولت پاکستان کے گورنر جناب اشرف محمود وتھرا نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) ناظم آباد کراچی میں نو تعمیر شدہ اسپورٹس فیسلٹی کا افتتاح کیا۔ تقریب میں صدر آئی سی سی اور سابق پاکستانی بیٹسمین ظہیر عباس، چیئرمین پی سی بی اور پاکستان سپر لیگ گورننگ کونسل چیئرمین نجم سیٹھی، سابق ٹیسٹ کرکٹرز راشد لطیف، اقبال قاسم، صلاح الدین صلو سمیت کرکٹ کی معروف شخصیات اور معززین نے شرکت کی۔

گورنر اسٹیٹ بینک نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس پویلین کے اعلیٰ معیار اور خوبصورتی کا موازنہ نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ اسپورٹس فیسلٹی نہ صرف ملک میں اسپورٹس کی سہولتوں میں قابل قدر اضافہ کرے گی بلکہ پاکستان کے نوجوانوں کو مواقع بھی فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وقت آنے پر بولنگ اسپیڈ گن، بولنگ مشین، جمنازیم اور اسٹیڈیم کی نشستوں جیسی مزید سہولتیں بھی فراہم کی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک کو کارپوریٹ سماجی ذمہ داریوں کا احساس ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ نچلی سطح پر بھی اسپورٹس کی سرگرمیوں کو فروغ دے رہا ہے۔ انہوں نے ملک گیر ٹورنامنٹس کے انعقاد میں اسٹیٹ بینک سے تعاون کرنے پر کمرشل بینکوں کے کردار کو سراہا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے اسے 'ایس بی پی اسپورٹس کمپلکس' کا نام دیا۔

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جناب نجم سیٹھی نے نئے پویلین کے تعمیری ڈیزائن کی تعریف کی اور کہا کہ مستقبل میں پی سی بی کو اس فیسلٹی میں میچز منعقد کروانے چاہئیں۔

قبل ازیں بینکنگ سروسز کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر جناب قاسم نواز نے اپنے خیر مقدمی خطاب میں کہا کہ ایک ذمہ دار وفاقی ادارے کی حیثیت سے اسٹیٹ بینک اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داریاں پوری کرنے کی خاطر مختلف اسپورٹس ایونٹس منعقد کراتا رہا ہے لیکن کرکٹ کے میچز زیادہ منعقد کرائے گئے ہیں کیونکہ قوم اس کھیل کو کھیلنا اور دیکھنا بہت پسند کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل قریب میں اسٹیٹ بینک اسلام آباد میں علاقائی ٹورنامنٹس کا نیا ایڈیشن منعقد کرانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ میچز نوجوان کرکٹرز کو جو پچھلے پانچ برسوں میں فرسٹ کلاس کرکٹ نہ کھیلے ہوں ہر سال اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

اس سرسبز مقام پر ساتواں ایس بی پی بی ایس سی انٹر ڈپارٹمنٹ ٹیپ بال ٹورنامنٹ اور گورنرز الیون اور بینکرز الیون کے درمیان چھوٹا فیسٹول کرکٹ میچ بھی کھیلے گئے جن میں ایس بی پی بی ایس سی لیپرڈز نے ایس بی پی ٹائیگرز کو 8 رن سے شکست دی جبکہ گورنرز الیون نے 4 رن سے میچ جیت لیا۔ گورنر نے فاتح اور رنرز اپ ٹیموں میں انعامات تقسیم کیے اور ظہیر عباس اور نجم سیٹھی کو شیلڈ اور یادگار پیش کی۔

***